© rasailojaraid.com



خیال فرمایا۔ بعد میں آپ نے دار العلوم کے نو تعمیر ہاسٹل کا معائنہ بھی کیا اس موقع پر نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب اور حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب اور مولانا حامد الحق حقانی صاحب بھی موجود تھے۔

## ایرانی سفارتکاروں کی دار العلوم آمد :

گذشتہ دنوں ایرانی سفارتکاروں کے ایک نمائندہ وفد نے دار العلوم حقانیہ کا معائنہ کیا۔ اور حضرت مہتمم صاحب سے افغانستان اور تحریک طالبان کے بارے میں طویل گفتگو کی۔ ایرانی سفارتکار کافی عرصہ سے از خود دار العلوم اور حضرت مولانا صاحب سے ملاقات کیلئے اصرار کر رہے تھے۔ الحمد للہ دار العلوم حقانیہ کے عالمگیر کردار کی وجہ سے اور خصوصاً افغان جہاد اور تحریک طالبان کی سرپرستی کی بناء پر ہمیشہ ہی دار العلوم مختلف عالمی قوتوں اور ممالک کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ ایرانی سفارتکاروں نے طالبان اور اہل سنت والجماعت کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ حضرت مہتمم صاحب نے انہیں طالبان اور اہل سنت والجماعت کے مبنی بر حق مؤقف سے آگاہ کیا۔ اور ان پر پر واضح کیا کہ ایران کی سالمیت اور سیاست کیلئے طالبان سے اتحاد اور صلح جوئی ضروری ہے۔ وفد نے ظہر کا کھانا مولانا کے ہاں کھایا۔ اور دار العلوم کے دورے کو بہت ہی مفید قرار دیا۔ ایرانی سفارتکاروں کے ہمراہ جمعیت علماء اسلام کے نائب امیر مولانا اشرف علی قریشی صاحب بھی موجود تھے۔

## عظیم جہادی تحریک حماس کے رہنماؤں کی دار العلوم تشریف آوری :

گذشتہ ماہ تحریک حماس فلسطین کے رہنماؤں جناب عدنان تیمی اور ان کے ساتھیوں نے دار العلوم کا دورہ کیا۔ آپ کے ہمراہ یمن کے جناب عبدالعزیز انجینیئر بھی تھے۔ معزز مہمانوں نے ایوان شریعت میں طلباء سے ایک تفصیلی خطاب فرمایا۔ اور تحریک حماس کے اغراض و مقاصد ' آزادی قدس و فلسطین کی جدوجہد کی تفصیل سے آگاہ کیا۔ اور بین الاقوامی سیاسی امور پر سیر حاصل گفتگو فرمائی۔ تحریک حماس کے رہنماؤں کی معاونت جناب ڈاکٹر مولانا شیر علی شاہ صاحب مدظلہ نے کی۔ تحریک حماس کے رہنماؤں نے دار العلوم کے مختلف شعبے دیکھے۔ بعد میں انہوں نے مولانا سمیع الحق صاحب کے دعوت پر جمعیت علماء اسلام کے طرف سے تائید طالبان کانفرنس ایبٹ آباد میں بھی شرکت کی اور خطاب فرمایا۔



© rasailojaraid.com